No. of Printed Pages : 8 **BUDC-132**

# B.A. General (Urdu) (CBCS)

# (BAG)

## Term-End Examination

## June, 2025

## BUDC-132 : Study of Urdu

## Classical Ghazal

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ذیل میں دیئے گئے سبھی سوالوں کے جواب تحریر کرنا لازمی ہیں۔ ہر سوال کے مارکس سامنے درج ہیں۔

۱۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔ ۱۵





(الف)

شغل بہتر ہے عشق بازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا
ہر زباں پر مثل شانہ مدام
ذکر تجھ زلف کی درازی کا
ہوش کے ہاتھ میں عناں نہ رہی
جب سوں دیکھا سوار تازی کا
آج تیری بھواں نے مسجد میں
ہوش کھویا ہے ہر نمازی کا



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

(ب)

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے
نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے
بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے
میران نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے





۲۔ مندرجہ ذیل میں دئے گئے شعری اقتباس میں سے کسی ایک کی تشریح حوالے کے ساتھ کیجئے۔ ۱۵

(الف)

ہم تجھ سے کس ہوس کی فلک جستجو کریں
دل ہی نہیں رہا ہے جو کچھ آرزو کریں
تردامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتہ وضو کریں
مٹ جائیں ایک آن میں یہ کثرت نمائیاں
گر آئینہ کے سامنے ہم آکے ہو کریں
نے گل کو ہے ثبات، نہ ہم کو ہے اعتبار
کس بات پر چمن، ہوس رنگ و بو کریں



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

یا

(ب)

لگتا نہیں ہے جی مرا اجڑے دیار میں
کس کی بنی ہے عالم ناپائیدار میں
کہہ دو ان حسرتوں سے کہیں اور جا بسیں
اتنی جگہ کہاں ہے دل داغدار میں
عمر دراز مانگ لے لائے تھے چار دن
دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
کتنا ہے بدنصیب ظفر دفن کے لیے
دو گز زمین بھی نہ ملی کوئے یار میں





۳۔ سراؔج کی غزل گوئی کی فنی خصوصیات بیان کیجیے۔ ۱۵

یا

میرتقی میرؔ کی غزل کی شعری خصوصیات پر اظہار خیال کیجیے۔

۴۔ غالبؔ کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجیے۔ ۱۵

یا

خواجہ حیدرعلی آتش کی شاعری پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔



Downloaded from www.IGNOUBABA.com

۵۔ خواجہ میر دردؔ کی شعری انفرادیت پر اظہار خیال کیجیے۔ ۱۵

یا

مومن کی غزل کے شعری امتیازات بیان کیجیے۔

۶۔ لکھنؤ میں اردو غزل پر تبصرہ کیجیے۔ ۵

۷۔ غزل کی اہمیت و مقبولیت پر روشنی ڈالیے۔ ۵

۸۔ غزل کی خارجی ہیئت کیا ہوتی ہے جائزہ لیجیے۔ ۵





۹۔ غالبؔ کے حالات زندگی پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ ۵

۱۰۔ کلاسیکی غزل سے کیا مراد ہے وضاحت کیجیے۔ ۵

××××××××



Downloaded from www.IGNOUBABA.com